ilmkidunya

Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. مواد نصاب سے کیا مرا دہے؟

Ans 1: تعلیم کا اہم عنصر نصاب تعلیم ہے،تعلیم نصاب اور درسی کتب تدوین وتشکیل،مقاصد تعلیم پر مبنی ہوتی ہے،اسی طرح فلسفہ نصاب سازی کے عمل میں اہم حیثیت اختیار کر لیتا ہے،مواد نصاب میں بھی فلسفہ کی واضح چھاپ نظر آتی ہے.

Q2. اسلامی تعلیم کا اساسی نکتہ کیا ہے؟

Ans 1: اسلامی تعلیم کا اساسی نقطہ یہ ہے کہ یہ کائنات خود بخود نہیں پیدا ہوئی بلکہ کائنات کی تخلیق میں اللہ تعالی کے منصوبے،ارادے اور علم کی بنیاد پر ہے.انسان کا مقام خلیفہ اور نائب کا ہے.اس کی زندگی کا مقصد بندگی رب ہے اور اپنے ہر معاملے میں اللہ کے سامنے جوابدہ ہے.

Q3. بچہ افراد خانہ سے کیا باتیں سیکھتا ہے؟

Ans 1: بچہ فطری طور پر اپنے ماحول سے متاثر ہو کر ان تمام چیزوں کو اپنانے کی کوشش کرتا ہے جو دیگر افراد خانہ اس کے سامنے کرتے ہیں.افراد خانہ بچے کو ابتدائی باتوں کی تلقین کرتے ہیں مثلاً اللہ کو ماننا،بڑوں کی عزت کرنا،بری باتوں سے بچنا.وغیرہ ایسی باتیں ہیں جن کی بنیاد پر گھر کے ماحول سے بچہ تعلیم تربیت پاتا ہے.

Q4. تعلیم کا معاشی فائدہ کیا ہے؟

Ans 1: تعلیم کے نتیجے میں معاش اور رزق کے وسائل کی دریافت ہوتی ہے انسانوں کے لئے بہتر سہولیات اور آسائش کا سامان مہیا ہوتا ہے،ذرائع مواصلات،ذرائع ابلاغ اور ذرائع آمدورفت کی ترقی،تعلیم ہی کی مرہون منت ہے،تعلیم کے ذریعے افراد معاشرہ کی معاشی حالت بہتر ہوئی ہے.انہیں روزگار کے مواقع میسر آتے ہیں.

Q5. روزگار ،بہتر معیار زندگی اور وقومی ترقی کے عنوانات کے تحت تعلیم کے معاشی فوائد بیان کریں.

Ans 1: روزگار: تعلیم کی بدولت بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع میسر ہوتے ہیں،مختلف پیشوں سےوابستہ افراد پیسہ کماتے ہیں. بہتر معیار زندگی: تعلیم انسان کو بہتر زندگی گزارنے کے انداز بتاتی ہے، قومی ترقی:تعلیم سے بحیثیت مجوعی قومی ترقی کی راہیں ہموار ہوتی ہیں.

Q6. معاشرے کا وجود کیوں ضروری ہے؟

Ans 1: جب انسانوں کا کوئی گروہ شعوری طور پر مشترکہ مقاصد کے تحت مل جل کر زندگی بسر کرے تو انسانی معاشرہ وجود میں آتا ہے،گویا افراد کے باہمی ملاپ سے تشکیل پاتا ہے.اللہ نے انسان کو معاشرت پسند بنایا ہے یعنی ان کو آپس میں مل جل کر رہنے کی خواہش ہے،

Q7. وحی اوردیگر ذرائع علم میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: علم کے مختلف ذرائع ہیں اور ان تمام ذرائع سے کسی نہ کسی حد تک استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے.،اسلامی نقطہ نظر سے صرف ایک ذریعہ علم یعنی وحی کی صحت قطعی اور حتمی ہے،باقی تمام ذرائع کو حاصل ہونے والا علم امکانی ہے وہ غلط بھی ہو سکتا ہے اور درست بھی،حتمیت اور قطعیت صرف وحی کو حاصل ہے،ان تمام ذرائع سے حاصل کردہ علم کو وحی پر جانچا اور پر رکھا جائے گا.

Q8. اسلام میں تعلیم کی اہمیت چند سطروں میں لکھیں.

Ans 1: اسلام دین فطرت ہےیہ واحد دین ہے جس نے تعلیم پر سب سے زیادہ زور دیا،بنیادی طور پر اسلام تعلیم و تربیت کاایک نظام ہے جس کی عمارت کی پہلی اینٹ "اقراء" سے اٹھائی گئی جس کے معنی پڑھنا کے ہیں.

Q9. اسلامی نقطہ نظر سے حقیقت اصلیہ کون ہے؟

Ans 1: اسلامی نقطہ نظر سے حقیقت اصلیہ اللہ کی ذات ہے.علم کا حقیقی سر چشمہ اللہ کی ذات ہے.سب سے اعلی اور قطعی ذریعہ علم وحی الہی ہے جو حقیقی سرچشمہ علم اور حقیقت مطلقہ تک رسائی میں مدد دیتا ہے.

Q10. اسلامی اخوت و وحدت کی تکمیل کیسے ممکن ہے؟

Ans 1: تمام مسلمان آپس میں اخوت وحدت کے رشتے میں منسلک ہیں،ان میں نظریاتی ہم آہنگی اور فکری و عملی مطابقت کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے کی تشکیل و تعمیر اسلامی اخوت بھائی چارے کی بنیاد پر کی جائے جو اسلامی کی قومی و عملی شہادت دے،اس مقصد کے لیے نظری تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی تربیت بھی دینا ضروری ہے.